# نمازِ جنازہ کا بیان

نیّت: رو بقبلہ ہو کر دل میں یہ نیّت کرے: چار تکبیر نمازِ جنازہ، ثنا، واسطے خدا کے، درود شریف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر، دُعا واسطے میّت کے۔ پھر دونوں ہاتھ کانوں کی لو تک اُٹھائے اور "اَللّٰہُ اَکْبَرُ" کہہ کر دونوں ہاتھوں کو ناف کے نیچے باندھے اور ثناء پڑھے جو یہ ہے:-

| | |
|---|---|
| ثناء | سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ |
| | پاک ہیں آپ اے اللہ اور ہم آپ کی تعریف کرتے ہیں |
| | وَتَبَارَكَ اسْمُكَ وَتَعَالٰى جَدُّكَ |
| | اور برکت والا ہے نام آپ کا اور بلند ہے بزرگی آپ کی |
| | وَجَلَّ ثَنَاؤُكَ وَلَآ اِلٰهَ غَيْرُكَ ط |
| | اور بڑی ہے تعریف آپ کی اور نہیں ہے کوئی معبود سوا آپ کے۔ |

دوسری تکبیر کے بعد نماز والا درود شریف پڑھیں،

تیسری تکبیر کے بعد یہ دُعا پڑھیں:-

# بالغ مرد و عورت کی میّت کے لئے دُعا

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِحَیِّنَا وَمَیِّتِنَا

اے اللہ! بخش دیجئے ہمارے زندہ اور مُردہ کو

وَشَاھِدِنَا وَغَآئِبِنَا وَصَغِیْرِنَا

اور ہمارے حاضر اور غائب کو اور ہمارے چھوٹے

وَکَبِیْرِنَا وَذَکَرِنَا وَاُنْثَانَا ط اَللّٰھُمَّ

اور بڑے کو اور ہمارے مرد اور عورت کو۔ اے اللہ!

مَنْ اَحْیَیْتَهٗ مِنَّا فَاَحْیِهٖ عَلَی

جس کو آپ ہم میں سے زندہ رکھیں تو اُسے اسلام پر

الْاِسْلَامِ وَمَنْ تَوَفَّیْتَهٗ مِنَّا

زندہ رکھ اور جس کو آپ ہم میں سے وفات دیں

فَتَوَفَّهٗ عَلَی الْاِیْمَانِ ط

تو اُسے ایمان پر وفات دیجئے۔

# نابالغ لڑکی کی میّت کے لئے دُعاء

| |
|---|
| اَللّٰھُمَّ اجْعَلْھَا لَنَا فَرَطًا وَّاجْعَلْھَا |
| اے اللہ! بنا اس کو ہمارے لئے پیش رو اور بنا اس کو |
| لَنَآ اَجْرًا وَّ ذُخْرًا وَّاجْعَلْھَا لَنَا |
| ہمارے لئے اجر اور ذخیرہ اور بنا اس کو ہمارے لئے |
| شَافِعَۃً وَّمُشَفَّعَۃً ط |
| سفارش کرنے والی اور سفارش قبول کی گئی۔ |

# نابالغ لڑکے کی میّت کے لئے دُعاء

| |
|---|
| اَللّٰھُمَّ اجْعَلْہُ لَنَا فَرَطًا وَّاجْعَلْہُ |
| اے اللہ! بنا اس کو ہمارے لئے پیش رو اور بنا اس کو |
| لَنَآ اَجْرًا وَّ ذُخْرًا وَّاجْعَلْہُ لَنَا |
| ہمارے لئے اجر اور ذخیرہ اور بنا اس کو ہمارے لئے |

# شَافِعًا وَّ مُشَفَّعًا ﷺ

سفارش کرنے والا اور سفارش قبول کیا گیا۔

پھر چوتھی تکبیر کے بعد دونوں طرف سلام پھیر دے۔ (شامی)

**مسئلہ:** نمازِ جنازہ کے بعد ہاتھ اُٹھا کر دُعا مانگنا جائز نہیں۔
(دیکھو فتاویٰ سراجیہ ص۲۳، خلاصۃ الفتاویٰ ص۲۲۵)

**مسئلہ:** جنازہ کو قبرستان کی طرف لے جاتے وقت راستہ میں اونچی اونچی آواز میں نعت خوانی یا کلمہ شریف کا وِرد یا کلمۂ شہادت پکارنا مکروہ ہے۔ ہاں آرام سے دِل میں کلمہ شریف پڑھنے میں مضائقہ نہیں۔ (فتاویٰ عالمگیری)

## میّت کو قبر میں اتارتے وقت یہ دُعا پڑھو:

بِسْمِ اللّٰهِ وَ بِاللّٰهِ وَعَلٰى مِلَّةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ

(ترمذی، دُرِّ مختار)

اور قبر پر مٹی ڈالتے ہوئے یہ پڑھو:

مِنْهَا خَلَقْنٰكُمْ وَفِيْهَا نُعِيْدُكُمْ وَمِنْهَا نُخْرِجُكُمْ تَارَةً اُخْرٰى ۝ (شامی، عالمگیری)

دفن کے بعد ایک آدمی قبر کے سرہانے کھڑا ہو کر سورۂ بقرہ کا پہلا رکوع اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝ تک اور دوسرا آدمی قبر کی پائنتی کی طرف کھڑا ہو کر سورۂ بقرہ کا آخری رکوع اٰمَنَ الرَّسُوْلُ سے آخر تک پڑھے۔ (آثارِ سُنن، ص۱۱، جلد۲)

اگر قبر کی طرف منہ ہو تو بغیر ہاتھ اُٹھائے میت کے لئے دُعا مانگنی چاہیئے اور اگر قبلہ کی طرف منہ ہو تو ہاتھ اُٹھا کر دُعا مانگ سکتے ہیں دُعا کے الفاظ درج ذیل ہیں:

| |
|---|
| اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لَهٗ وَارْحَمْهُ وَعَافِهٖ |
| اے اللہ! بخش اس کو اور رحم کر اس پر اور عافیت دے اس کو |
| وَاعْفُ عَنْهُ وَاَكْرِمْ نُزُلَهٗ وَوَسِّعْ |
| اور معاف کر اس کو اور باعزت کر اس کی مہمانی کو اور فراخ کر |
| مُدْخَلَهٗ وَاغْسِلْهُ بِالْمَآءِ وَالثَّلْجِ |
| اس کی قبر کو اور دھو دے اس کو پانی اور برف |

وَالْبَرْدِ وَنَقِّهٖ مِنَ الْخَطَايَا كَمَا نَقَّيْتَ

اور اولے سے اور صاف کر اس کو گناہوں سے جیسے کہ تو نے صاف

الثَّوْبَ الْاَبْيَضَ مِنَ الدَّنَسِ وَ

کر رکھا ہے سفید کپڑے کو میل سے اور

اَبْدِلْهُ دَارًا خَيْرًا مِّنْ دَارِهٖ وَاَهْلًا

عوض میں دے اس کو گھر بہتر اس کے گھر سے اور اہل

خَيْرًا مِّنْ اَهْلِهٖ وَزَوْجًا خَيْرًا مِّنْ

بہتر اس کے اہل سے اور جوڑا بہتر اس کے

زَوْجِهٖ وَاَدْخِلْهُ الْجَنَّةَ وَاَعِذْهُ مِنْ

جوڑے سے اور داخل کر اس کو جنّت میں اور پناہ دے اس کو

عَذَابِ الْقَبْرِ وَعَذَابِ النَّارِ ؕ مشکوٰۃ ص ۱۴۵

قبر کے عذاب سے اور دوزخ کے عذاب سے۔

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ رَبُّهَا وَاَنْتَ خَلَقْتَهَا

اے اللہ! آپ اس کے پروردگار ہیں اور آپ نے ہی اس کو پیدا کیا

وَاَنْتَ هَدَيْتَهَا لِلْاِسْلَامِ وَاَنْتَ قَبَضْتَ

اور آپ نے ہی اس کو اسلام کی ہدایت کی اور آپ نے ہی اس کی روح

رُوْحَهَا وَاَنْتَ اَعْلَمُ بِسِرِّهَا وَعَلَانِيَتِهَا

کو قبض کیا اور آپ ہی خوب جانتے ہیں اسکے باطن اور ظاہر کو۔

جِئْنَا شُفَعَآءَ فَاغْفِرْ لَهَا ط مشکوٰۃ ص ۱۴۷

ہم سفارشی ہو کر آئے ہیں سو اسے بخش دے۔

## دُعاءِ زیارتِ قبور

۱ اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ اَهْلَ الدِّيَارِ

سلام ہو تم پر اے قبروں کے رہنے والو!

مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُسْلِمِيْنَ وَاِنَّا

ایمان داروں اور مسلمانوں میں سے اور اگر

اِنْ شَآءَ اللّٰهُ بِكُمْ لَلَاحِقُوْنَ نَسْاَلُ

اللہ نے چاہا تو ہم تمہارے ساتھ ملنے والے ہیں، ہم سوال کرتے ہیں

اَللّٰہَ لَنَا وَلَکُمُ الْعَافِیَۃَ (مُسلم)

اللہ سے اپنے لئے اور تمہارے لئے عافیت کا

② اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ یَا اَھْلَ الْقُبُوْرِ

سلام پہنچے تم کو اے اہلِ قبور

یَغْفِرُ اللّٰہُ لَنَا وَلَکُمْ اَنْتُمْ سَلَفُنَا

بخشے ہمیں اور تمہیں اللہ تم آگے جانے والے ہو

وَنَحْنُ بِالْاَثَرِ (ترمذی)

اور ہم تمہارے قدم پر ہیں۔




1️⃣علماء💐دیوبند🍃لائبری
ری1️⃣

Created by You, 7/25/18

## Description

Muhammad Abrar Aslam:
https://chat.whatsapp.com/AZDTNVsqEBGCwpKXjKrptS
03004545376

اصول و ضوابط

👈 اس گروپ میں مسلک اهل سنت والجماعت دیوبند کی کتابیں بھیجی اور طلب کی جاسکتی هیں

👈 کتاب طلب کرنے کے لیے کتاب کا نام اردو میں لکھ کر بھیجیں وائس بھیجنے کی اجازت نہیں هے

👈 کتاب طلب کرنے کے بعد 24 گھنٹے انتظار فرمائیں دوبارہ میسیج بھیجنے کی ضرورت نہیں هے

👈 آپ کے موبائل میں جو کتابیں ہیں اشاعت اسلام کی نیت سے تھوڑی تھوڑی کر کے بھیجتے رهیں تاکہ آپ کے لیے صدقہ جاریہ کا باعث بنے اور آپ اجرعظیم کے مستحق هوں